نقد و نظر

دی قرآنک ورلڈ مجلس تحریک قرآن نے یہ سہ ماہی رسالہ انگریزی زبان میں جاری کیا ہے جس کا مقصد وہی ہے جو "ترجمان القرآن" کا ہے یعنی قرآن مجید کی تعلیمات کو پھیلانا، اور لوگوں کو اس کتاب الٰہی سے نور و ہدایت حاصل کرنے کی طرف رغبت دلانا۔ نمونہ کے پہلے پرچہ میں جرمن نو مسلم بیرن عمر رالف ایہرن فلس انگریز نو مسلم ڈاکٹر خالد شیلڈ ریک، محمود پال ڈیر (ٹائمز آف انڈیا کے نیوز ایڈیٹر) اور محمد مارماڈیوک پکتھال صاحب کے مضامین، اور ہمارے محترم بزرگ نواب سر نظامت جنگ بہادر نے "قرآن بحیثیت رہنمائے حیات" کے عنوان پر ایک مقالہ تحریر فرمایا ہے جو ان کی عمیق فکر و بصیرت کا نتیجہ ہے۔ امید ہے کہ انگریزی داں حضرات بکثرت اس رسالہ کے افادات سے بہرہ اندوز ہوں گے۔

قیمت سالانہ ایک روپیہ۔ دفتر مجلس تحریک قرآن حیدر آباد سے طلب فرمائیے۔

اصلاح یہ ماہوار رسالہ تبلیغ دین اور اصلاح عقائد مسلمین کیلئے حال میں لکھنؤ سے جاری کیا گیا ہے۔ جس کے ایڈیٹر مولوی مطلوب الرحمٰن صاحب ندوی نگرامی ہیں۔ مولانا سید سلیمان ندوی اور مولوی عبدالماجد صاحب دریابادی کی نگرانی اس امر کی کافی ضمانت ہے کہ رسالہ اسلام اور مسلمانوں کی بہترین خدمت انجام دیگا۔ ابتک جتنے نمبر شائع ہوئے ہیں ان میں اعلیٰ درجہ کے اصلاحی اور تبلیغی مضامین درج کئے گئے ہیں۔ اور ایک مستقل باب "قبول اسلام" کا رکھا گیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تعلیم یافتہ اور سلیم الطبع لوگوں کو کس طرح اسلام اپنی طرف کھینچ رہا ہے۔ قیمت سالانہ تین روپیہ۔ دفتر رسالہ اصلاح۔ بادشاہ باغ لکھنؤ۔

گلدستہ احادیث نبوی مولوی احمد علی صاحب ناظم انجمن خدام الدین لاہور نے بخاری شریف و مسلم شریف سے سو احادیث انتخاب کرکے اس چھوٹے سے رسالہ میں جمع کردی ہیں۔ جتنی حدیثیں انتخاب کیگئی ہیں وہ سب مسلمانوں کو عبادات اور معاملات کے مختلف شعبوں میں بہترین ہدایت دینے والی ہیں۔ ہر حدیث کے نیچے اس کا ترجمہ دیا گیا ہے اور تھوڑی سی تشریح کردی ہے۔ جو لوگ اس عہد پر دستخط کریں کہ وہ ان احادیث کو یاد اور ان پر عمل کریں گے، ان کو یہ رسالہ ایک آنہ کے ٹکٹ بھیجنے پر مفت مل سکتا ہے۔